# فرٹی یوریا

یوریا اور بائیو ایکٹو سلفر کا کمال
فصل مضبوط، پیداوار بے مثال






LCI
LUCKY CORE INDUSTRIES

#JourneyOfEnrichingLives

YBG



## فرٹی یوریا کی نمایاں خصوصیات

- فصل کو نائٹروجن اور بائیو ایکٹو سلفر کی دیرپا فراہمی
- زمین کی اصلاح سے زرخیزی میں اضافہ
- پودوں میں بیماریوں کے خلاف بہترین قوتِ مدافعت
- مفید خوردبینی جانداروں کے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ
- جڑوں کی لمبائی اور باریک بال نُما جڑوں کی تعداد میں واضح فرق
- دیگر غذائی اجزاء کی بھرپور دستیابی
- پودوں کے تنوں کو مضبوط بنا کر فصل کو گرنے سے بچاتا ہے
- تیل دار اجناس میں تیل کی مقدار اور پھلی دار فصلوں میں جڑوں کے نوڈیولز کی تعداد میں اضافہ
- فصل یکساں پک کر تیار، برداشت کے نقصانات میں کمی
- زیادہ پیداوار، بہتر کوالٹی سے کاشتکار کے منافع میں خاطر خواہ اضافہ



لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز
63-مزنگ روڈ لاہور۔
ہیلپ لائن: 0800-73337


# فرٹی یوریا

ہماری بیشتر زرعی زمینیں اساسی نوعیت کی ہیں۔ جس کی وجہ سے کھادوں کی افادیت اور کارکردگی انتہائی کم ہے۔ روایتی کھادیں جو زمینوں میں ڈالی جاتی ہیں ان کا صرف 30 فیصد پودوں کو دستیاب ہوتا ہے جبکہ باقی 70 فیصد ڈالی گئی یوریا کھاد امونیا گیس بن کر فضا میں خارج ہونے کے علاوہ پانی کے ساتھ نچلی تہوں میں بہہ جاتی ہے اور جڑوں سے دور ہونے کی وجہ پودوں کو میسر نہیں ہو پاتی۔

**فرٹی یوریا** ایک منفرد کھاد ہے جو اپنی جدید کوٹنگ ٹیکنالوجی کی وجہ سے فصلوں کو لمبے عرصے تک نائٹروجن اور سلفر کی فراہمی یقینی بناتا ہے۔ یہ زمینی اصلاح کار کے طور پر کام کرتا ہے اور پودوں کو دیگر خورا کی اجزاء کی دستیابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ **فرٹی یوریا** پودوں میں بیماریوں کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا کرتا ہے۔

## **فرٹی یوریا** کیسے کام کرتا ہے؟

**فرٹی یوریا** میں نائٹروجن کے ساتھ بائیو ایکٹو سلفر اور مفید بیکٹیریا شامل ہیں جو زمین میں ڈالنے کے بعد سلفر کو آکسیڈائز کر کے اسے سلفیٹ میں تبدیل کرتے ہیں جو پودوں کے لیے آسانی سے دستیاب سلفر کی شکل ہے۔




دوسری طرف بایو کوٹنگ سے نائٹروجن کے ضیاع میں کمی آتی ہے اور فصل کو مسلسل فراہمی میں مدد ملتی ہے جس سے جڑوں کا پھیلاؤ بہتر ہوتا ہے، پودوں کے تنے مضبوط اور فصل گرنے سے محفوظ رہتی ہے اور بالآخر پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔

## عمل کا طریقہ




**فرٹی یوریا**
زمین میں ڈالنے کے بعد

مفید بیکٹیریا
سلفر کو آکسیڈائز کرتے ہیں۔

سلفر اور نائٹروجن کی
مسلسل فراہمی

جڑوں کا پھیلاؤ بہتر،
تنے مضبوط، فصل محفوظ
اور پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ

## سفارشات برائے استعمال

| فصل | مقدار ایکڑ | وقت استعمال |
|---|---|---|
| کپاس | 25 کلو گرام | پہلے پانی کے ساتھ، دوسری مرتبہ پھول آنے پر، تیسری مرتبہ ٹینڈے بننے پر چھٹہ کریں۔ |
| سورج مکھی | | پہلے پانی کے ساتھ اور دوسری مرتبہ پھول نکلتے وقت چھٹہ کریں۔ |
| مکئی | | پہلی مرتبہ تین سے چار پتوں کی حالت۔ دوسری مرتبہ چھ سے آٹھ پتوں کی حالت۔ تیسری مرتبہ دس سے بارہ پتوں کی حالت پر چھٹہ کریں۔ |
| کماد | | پہلی مرتبہ: کاشت کے ایک ماہ بعد اور 20 سے 30 دن کے وقفے سے بذریعہ چھٹہ دوہرائیں۔ |
| دھان | | پہلی مرتبہ پنیری منتقلی کے تین ہفتے بعد اور دوسری مرتبہ پنیری منتقلی کے چھ ہفتے بعد بذریعہ چھٹہ استعمال کریں۔ |
| سبزیات | | پہلی کھاد کے 6 سے 7 دن بعد اور بعد میں 15 سے 20 دن کے وقفے سے دوہرائیں۔ |

